12515 ـ کیا زانی کے لیے مومنہ عورت سے شادی کرنا جائز ہے

سوال

گزارش ہے کہ آپ مجھے بتائیں کہ اگر ماضی میں میں نے کسی غیر مسلم عورت سے جنسی تعلقات رکھے ہوں تو کیا میرے لیے کسی مومن عورت سے شادی کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب زانی زنا سے سچی اور پکی توبہ کر لے تو اللہ تعالی بھی اس کی توبہ قبول کرتا ہے، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور وہ لوگ جو اللہ تعالی کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہیں پکارتے اور کسی ایسے شخص کو حق کے سوا قتل نہیں کرتے جسے اللہ تعالی نے حرام کیا ہو، اور نہ وہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں، اور جو کوئی بھی یہ کام کرے گا وہ اپنے اوپر سخت وبال لائےگا، اسے روز قیامت کے دن دوہرا عذاب دیا جائے گا اور وہ ذلت و خواری کے ساتھ ہمیشہ اسی میں رہے گا، سوائے ان لوگوں کے جو توبہ کریں اور ایمان لائیں اور نیک کام کریں، ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ تعالی نیکیوں میں بدل دیتا ہے، کیونکہ اللہ تعالی بخشنے والا اور مہربانی کرنے والا ہے، اور جو کوئی بھی توبہ کرے اور نیک اعمال بجا لائے تو وہ حقیقتا اللہ تعالی کبطرف سچا رجوع کرنے والا ہے الفرقان (68 ـ 71).

مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (728) کا جواب ضرور دیکھیں.

اور جب وہ توبہ کر لے تو وہ کسی مومنہ عورت سے شادی کر سکتا ہے، اور زانی کو چاہیے کہ جب وہ توبہ کر لے تو اپنے پچھلےگناہوں پر پردہ ڈالےاور انہیں ظاہر نہ کرتا پھرے.

واللہ اعلم .